© rasailojaraid.com

ارکانِ اسلام یعنی صوم وصلوٰۃ اور حج وزکوٰۃ سے معافی کا اعلان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

۱۔ ایک بار میں حج کے ارادے سے چلا، راستہ میں ایک قطب ملے انہوں نے فرمایا، بسطامی! اللہ نے مجھ میں اپنا مسکن بنالیا ہے، تو نے تو مجھ کو دیکھ کر اللہ کا دیدار کرلیا، واپس جا تجھ پر سے تمام تکلفاتِ شرعیہ ساقط کردیے گئے اور محرمات تیری منہاج ہیں۔"

۲۔ ایک بار اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے پاس بلاکر فرمایا "بسطامی، میرے بندے تجھے دیکھنا چاہتے ہیں، میں نے عرض کیا باری تعالیٰ تو مجھے اپنی وحدانیت سے نواز، اپنی انانیت کی خلعت عطا فرما اور اپنی احدیت تک بلند فرمادے۔"

۳۔ حضرت موسیٰؑ نے اللہ کو دیکھنے کی خواہش کی تھی لیکن میں نے اللہ کو دیکھنے کی کبھی خواہش نہیں کی بلکہ خدا نے مجھے دیکھنے کی خواہش کی۔"

بھلا ان عقائد کا قرآن اور اسلام سے کیا واسطہ؟ علماء مصر نے صوفیا کی ان کتابوں کا چھاپنا گناہ قرار دیا ہے۔

## ایرانیوں کے ہاتھوں اسلام کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا ہے:

اسلام جہاں کہیں بھی عربوں کے توسل سے عربی زبان میں پہنچا، وہاں کے لوگوں نے قرآن جیسی بے بہا دولت ملنے پر عربوں سے محبت اور ان کی احسان مندی کے اعتراف میں عربی زبان، عربی لباس اور عربی تہذیب ایسی اختیار کرلی کہ وہ بالکل عرب قوم بن گئے چنانچہ شام سے لیکر مراکش تک یہ وہی لوگ ہیں۔ عراق پر ایرانی تسلط تھا۔ وہاں کی زبان اور تہذیب بھی ایرانی تھی، اسلام قبول کرنے کے بعد وہاں کی آبادی نے بڑی حد تک عربیت اختیار کرلی تھی، تاہم یہ علاقہ اسلام کی بیخ کنی کے لیے مجوسیوں کی سازشوں کی آماجگاہ رہا۔ ایران کی اسلام دشمنی کی ابتداء حضورؐ کے دعوتی خط ملتے ہی شروع ہوگئی تھی۔ آں حضرتؐ کے وصال کے بعد عراق سے ملحقہ عرب علاقہ میں مانعینِ زکوٰۃ، مرتدین اور کاذب نبیوں نے جو بغاوت برپا کی، اس میں ایرانیوں کا خاصا ہاتھ تھا، ایرانی جنرل ہرمز فوج لیے ہوئے سرحد پر منتظر کھڑا تھا کہ جیسے ہی مجاہدین کے مقابلہ پر باغی کامیاب ہوکر مدینہ کا رخ کریں تو یہ بھی اپنی فوج لے کر مدینہ پر چڑھائی کردے۔ اس کے برعکس یہ ہوا کہ باغی پناہ لینے کے لیے عراق میں جا گھسے اور مجاہدین ان کے تعاقب میں لاعلمی سے ایرانی حدود میں داخل ہوگئے اور ہرمز کی فوج سے مڈبھیڑ ہوگئی۔ ایرانی پے درپے شکست کھانے کے باوجود

© rasailojaraid.com

